## منظّم سازشی منصوبہ کے تحت طالبان تیزی سے کراچی کا رخ کر رہے ہیں۔الطاف حسین

## پیپلز پارٹی،ایم کیوایم اورعوامی نیشنل پارٹی کے رہنما انتہا پسندی کی لہر کو روکنے کیلئے مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں

## ملک غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے،سرحدوں پر خطرات منڈلا رہے ہیں اور دو بڑی جماعتوں کے باہمی اختلافات کی وجہ سے حکومتی تشکیل نظر نہیں آ رہی ہے۔ملک کی نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ محاذ آرائی کا راستہ ہرگز اختیار نہ کیا جائے

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پارٹی کے اہم اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔12، جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک غیر یقینی صورتحال سے گزر رہا ہے،ایک منظّم سازشی منصوبہ کے تحت طالبان تیزی سے کراچی کا رخ کر رہے ہیں،سندھ خصوصاً کراچی کے ہر مکتبہ ءفکر سے تعلق رکھنے والے عوام کراچی کو طالبانائزیشن سے بچانے کیلئے اپنا فرض پورا کریں اور اپنے تحفظ کیلئے اپنے اپنے محلوں میں اجلاسوں کا انعقاد کریں۔انہوں نے سندھ حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں پیپلز پارٹی، ایم کیوایم اور عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں سے درخواست کی کہ وہ سندھ بالخصوص کراچی میں انتہا پسندی کی لہر کو روکنے کیلئے مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں اور اپنا اپنا کردار ادا کریں۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پارٹی کے ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں سندھ میں طالبانائزیشن کی بڑھتی ہوئی لہر، ملک کے غیر یقینی سیاسی ومعاشی حالات سمیت ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی غوروخوص کیا گیا۔اجلاس سے اپنے خطاب میں ملک کی مجموعی صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک غیر یقینی صورتحال سے گزر رہا ہے، سرحدوں پر خطرات منڈلا رہے ہیں،صوبہ سرحد، شمالی وقبائلی علاقہ جات کی صورتحال دن بدن تیزی سے بگڑ رہی ہے،18 فروری کو انتخابات ہوئے اور اب 12 جولائی آ گیا ہے لیکن بدقسمتی سے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے درمیان جو الائنس ہوا وہ اختلافات کا شکار ہو گیا اور مسلم لیگ نے وفاق سے اپنے وزراء کو مخلوط حکومت سے نکال لیا ہے، ملک میں دو بڑی جماعتوں کے باہمی اختلافات کی وجہ سے حکومتی تشکیل نظر نہیں آ رہی ہے،ججز کا مسئلہ آج تک کسی نتیجے پر نہیں پہنچا ہے،عوام مختلف قسم کے مسائل سے دوچار ہیں اور تمام شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام پریشان ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک طرف ملک میں غیر یقینی سیاسی صورتحال ہے اور دوسری جانب ایک منظّم سازشی منصوبہ کے تحت طالبان تیزی سے کراچی کا رخ کر رہے ہیں جو پاکستان کا سب سے بڑا شہر، پورٹ سٹی اور سینٹرل ایشیا کا گیٹ وے ہے۔انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی پوری 30 سالہ جدوجہد میں عوام سے کبھی کوئی بات نہیں چھپائی، انہیں کبھی اندھیرے میں نہیں رکھا بلکہ انہیں ہمیشہ حقائق سے آگاہ رکھا۔گزشتہ کئی دنوں سے بھی میں مختلف مواقعوں پر بزنس کمیونٹی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام کو طالبانائزیشن کی سازش سے آگاہ کرتا رہا ہوں اور آج پھر میں اس اجلاس کے توسط سے سندھ خصوصاً کراچی کے عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ خدارا میری باتوں پر سنجیدگی سے غور کریں اور سندھ خصوصاً کراچی کو طالبانائزیشن سے بچانے کیلئے اپنا فرض پورا کریں۔انہوں نے ہر مکتبہ ءفکر سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ طالبانائزیشن کی سازش سے عوام کو نہ صرف آگاہ کریں بلکہ اپنے تحفظ کیلئے اپنے اپنے محلوں میں محلوں کے افراد پر مبنی اجلاسوں کا انعقاد کریں۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، مشیر داخلہ رحمٰن ملک، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور پوری کابینہ سے درخواست کی کہ کراچی میں طالبان کی آمد روکنے کیلئے فی الفور اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے سندھ حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں پیپلز پارٹی، ایم کیوایم اور عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں سے بھی درخواست کی کہ وہ سندھ بالخصوص کراچی میں انتہا پسندی کی لہر کو روکنے کیلئے مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں اور اپنا اپنا کردار ادا کریں تاکہ انتہا پسند عناصر طالبانائزیشن کے منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کیلئے دہشت گردی کے کسی واقعہ کو لسانی رنگ نہ دے سکیں،لہٰذا عوامی نیشنل پارٹی سمیت سب کو فساد کی سازش کو ناکام بنانا چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی و مذہبی سیاسی جماعتوں سے کہا کہ ملک جس نازک صورتحال سے دوچار ہے اس کا تقاضہ ہے کہ محاذ آرائی کا راستہ ہرگز اختیار نہ کیا جائے اور اختلافات کو مزید ہوا دینے کے بجائے اختلافات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کی جائے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کسی سے محاذ آرائی نہیں چاہتی کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ نظریاتی وسیاسی اختلافات جمہوریت کا حصہ ہوتے ہیں لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ اختلافات کو بنیاد بنا کر اسے محاذ آرائی میں تبدیل کیا جائے کیونکہ محاذ آرائی کسی بھی طرح ملک کے مفاد میں نہیں ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور کارکنوں کو بھی ہدایت کی کہ وہ بھی صبر و برداشت سے کام لیں اور کسی بھی جماعت کے اشتعال انگیز بیان کے جواب میں ہرگز جوابی بیان نہ دیں اور ہر قسم کی محاذ آرائی سے گریز کریں۔اجلاس میں سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، اراکین رابطہ کمیٹی سلیم شہزاد، محمد اشفاق، جاوید کاظمی، سینیٹر بابر غوری، عادل صدیقی، وسیم آفتاب، سید طارق میر، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیز آبادی، اشفاق منگی، ڈاکٹر عاصم، قاسم علی رضا، حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی محترمہ زریں مجید، نثار پہنور، ایم کیوایم کی مختلف تنظیمی کمیٹیوں اور شعبوں کے ارکان نے شرکت کی۔

## سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید ہاشم علی حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث برطانیہ کے شہر لیسٹر میں انتقال کرگئے

## ہاشم علی دل کے عارضہ میں مبتلا تھے۔کچھ عرصہ قبل بھی اسپتال میں زیرعلاج بھی رہے

## ہاشم علی مرحوم کراچی یونیورسٹی میں اے پی ایم ایس او کے قیام کے وقت سے تحریک میں شامل تھے

لندن۔۔۔12، جولائی 2008ء۔۔۔سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید ہاشم علی جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث برطانیہ کے شہر لیسٹر میں انتقال کرگئے۔تفصیلات کے مطابق سید ہاشم علی گزشتہ کئی سال سے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ انگلینڈ کے شہر لیسٹر میں رہائش پذیر تھے۔وہ دل کے عارضہ میں مبتلا تھے۔کچھ عرصہ قبل بھی وہ کئی روز تک لندن کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج بھی رہے۔جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب سوتے ہوئے انہیں دل کا شدید دورہ پڑا جس کا علم نہ ہوسکا۔صبح جب وہ بیدار نہ ہوسکے تو انہیں فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے ان کے انتقال کی تصدیق کردی۔سید ہاشم علی کا شمار ایم کیوایم کے بنیادی کارکنوں میں ہوتا تھا اور وہ کراچی یونیورسٹی میں اے پی ایم ایس او کے قیام کے وقت سے تحریک میں شامل تھے۔ہاشم علی مرحوم 1991ء میں ضمنی انتخاب میں سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور کچھ عرصہ تک صوبائی وزیرٹرانسپورٹ بھی رہے۔ہاشم علی مرحوم کی عمر 45 سال تھی۔ان کے پسماندگان میں ایک بیوہ اور تین بچے شامل ہیں جن میں 14 سالہ بیٹا اور دو چھوٹی بیٹیاں شامل ہیں۔انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے ذمہ داران لیسٹر میں مرحوم کی رہائش گاہ پہنچ گئے اور ان کی بیوہ اور بچوں کو تسلی دی۔ہاشم علی مرحوم کی تدفین پاکستان میں کی جائے گی۔اس سلسلے میں انتظامات کئے جارہے ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران نے پاکستان میں مرحوم کے بھائی عاصم علی سے تعزیت کی اور ہاشم علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔

## سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہاشم علی کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔12، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید ہاشم علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہاشم علی مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بھی ہاشم علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہاشم علی مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما غلام احمد بلور کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## سلیم شہزاد اور بابر غوری نے ٹیلی فون کرکے غلام احمد بلور سے تعزیت کی

## سابق وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔12، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماء اور وفاقی وزیر حاجی غلام احمد بلور کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حاجی غلام احمد بلور اور ان کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد اور سینیٹر بابر خان غوری نے لندن سے ٹیلی فون کرکے حاجی غلام احمد بلور سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم سے بھی ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر ارباب غلام رحیم اور ان کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے سینئر اداکار محمود علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔12، جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے سینئر اداکار محمود علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمود علی مرحوم کی فنی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ محمود علی ایک بلند پایہ فنکار تھے،ان کے انتقال سے فن کی دنیا میں پیدا ہونے والا خلا کبھی پُر نہیں ہوسکے گا۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمود علی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## عوام مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف اتحاد کا مظاہرہ کریں،علامہ ارشاد الحق تھانوی،مولانا سعید قمر قاسمی

## رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری کی علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی ۔۔۔12، جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری نے صوبہ سندھ میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے علمائے کرام علامہ ارشاد الحق تھانوی اور مولانا سعید قمر قاسمی سے ملاقاتیں کیں اور انہیں سندھ بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشوں سے آگاہ کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔علامہ ارشاد الحق تھانوی اور مولانا سعید قمر قاسمی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انتہاء پسندی اور دہشت گردی کا دین اسلام میں کہیں درس نہیں ملتا اور انتہاپسند عناصر کی جانب سے اسلام کی غلط تشریح پیش کرکے دنیا بھر میں دین اسلام کو بدنام کیا جارہا ہے۔انہوں نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام سے اپیل کی کہ وہ مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف اپنے اتحاد کا مظاہرہ کریں اور سندھ کا امن وسکون غارت کرنے والے عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔علامہ ارشاد الحق تھانوی اور مولانا سعید قمر قاسمی نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کی تعریف کی اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## مذہبی انتہاء پسندوں کی جانب سے اخبارات کو دھمکیاں آزادی صحافت پر حملہ ہے،رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔12، جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بعض مذہبی انتہاء پسند عناصر کی جانب سے اخبارات کو دھمکیاں دینے کی شدید مذمت کی ہے اور اس عمل کو آزادی صحافت پر حملہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذہبی انتہاء پسند عناصر کی جانب سے روزنامہ آج کل میں شائع ہونے والے ایک کارٹون کو جواز بنا کر مذکورہ اخبار کے مدیر اور عملے کے دیگر ارکان کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جارہی ہیں جو قابل مذمت ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر پرویز مشرف، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ روزنامہ آج کل کے مدیر اور صحافیوں کو مذہبی انتہاء پسند عناصر کی جانب سے دھمکیوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور آزادی صحافت کو یرغمال بنانے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے اخبارات اور صحافیوں کی تنظیموں سے بھی اپیل کی کہ وہ آزادی صحافت کے خلاف مذہبی انتہاء پسندوں کی کھلی دہشت گردی کا نوٹس لیں اور اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد اطہر حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔12، جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن محمد اطہر حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم یو کے مانچسٹر یونٹ کے کارکن اسماعیل چنہ کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

## کارکنوں اور ہمدردوں سے دعائے صحت کی اپیل

لندن ۔۔۔12، جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم یو کے مانچسٹر یونٹ کے کارکن اسماعیل چنہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی صحت یابی کی دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے تمام کارکنوں اور ہمدردوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اسماعیل چنہ کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔اسماعیل چنہ دل کے عارضہ میں مبتلا ہیں اور گزشتہ روز ان کا بائی پاس ہوا ہے۔

☆☆☆☆☆